## ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر کے کارکن الحاج محمد اقبال غوری کی المناک شہادت پر جناب الطاف حسین کا اظہارِ افسوس

لندن:۔۔۔5اگست،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 189 کے کارکن الحاج محمد اقبال غوری کی المناک شہادت پر گہرے صدمے اور رنج وغم کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔جناب الطاف حسین نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ شہید کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔(آمین)

## ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر کے کارکن الحاج محمد اقبال غوری کے قتل کا نوٹس لیا جائے ،رابطہ کمیٹی

## ناظم آباد گلبہار سیکٹر کے کارکن الحاج محمد اقبال کو سینکڑوں سوگواران کی آہوں سسکیوں کے درمیان لُکھی گراؤنڈ کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا

کراچی:۔۔۔5اگست،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے نامعلوم دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 189 کے کارکن الحاج محمد اقبال غوری کی شہادت کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے ۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ دہشت گرد عناصر ماہ رمضان میں بھی اپنی مجرمانہ سرگرمیوں کے ذریعے قتل وغارت گری ،لوٹ مار ،اغواء برائے تاوان کی وارداتوں کا بازار گرم کرکے شہر کے امن کو غیر مستحکم کرنے کی گھناؤنی سازش کررہے ہیں اور محمد اقبال غوری کے قتل کا واقعہ بھی اسی سازش کی کڑی ہے جسکی جتنی مذمت کی جائے کم ہے ۔رابطہ کمیٹی نے الحاج محمد اقبال شہید کے سوگوار اہلخانہ سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کی مغفرت اور سوگواران کیلئے صبر جمیل کی دعا بھی کی ۔رابطہ کمیٹی نے وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ ،گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان سے پرزور مطالبہ کیا کہ نامعلوم دہشت گردوں کی جانب سے ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر کے کارکن الحاج محمد اقبال غوری کے قتل کا نوٹس لیا جائے اور واقعہ میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کرکے انہیں قانون کے مطابق سخت ترین سزا دی جائے ۔دریں اثناء نامعلوم دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 189 کے کارکن الحاج محمد اقبال کو سینکڑوں سوگواران کی آہوں سسکیوں کے درمیان لُکھی گراؤنڈ کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا ہے ۔شہید کی نماز جنازہ بعد نماز ظہر گلبہار کے مین روڈ پر ادا کی گئی ۔نماز جنازہ وتدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان یوسف شاہوانی ،توصیف خانزادہ ،حق پرست وفاقی وزیر مملکت ڈاکٹر ندیم احسان ،رکن سندھ اسمبلی ریحان ظفر ،کراچی تنظیمی کے انچارج حماد صدیقی واراکین ،علاقائی سیکٹر ویونٹ کے ذمہ داران ،کارکنان وہمدردوں سمیت شہید کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔

## قائد تحریک جناب الطاف حسین تمام مذاہب ومکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے مظلوم عوام کے بھائی ہیں ڈاکٹر نصرت

## ایم کیوایم شعبہء اقلیتی امور کے تحت ایم کیوایم کے مرکز خورشید بیگم سیکریٹریٹ میں ہندو برادری کے بہن بھائی کا تہوار ''رکھشا بندھن'' منایا گیا۔

## ہندو برادری سے تعلق رکھنے والی خواتین اپنے محبوب قائد جناب الطاف حسین کیلئے ''راکھیاں'' لیکر آئیں

کراچی۔۔۔5اگست،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہء اقلیتی امور کے تحت ایم کیوایم کے مرکز خورشید بیگم سیکریٹریٹ میں ہندو برادری کے بہن بھائی کا تہوار ''رکھشا بندھن'' منایا گیا۔جس میں ہندو برادری سے تعلق رکھنے والی خواتین اپنے محبوب قائد جناب الطاف حسین کیلئے ''راکھیاں'' لیکر آئیں ۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر نصرت ،اراکین رابطہ کمیٹی نیک محمد اور گلفراز خان خٹک نے راکھیاں بندھوائیں ۔اس موقع پر ایم کیوایم شعبہء اقلیتی امور کے جوائنٹ انچارج گردھاری لعل ،حق پرست رکن قومی اسمبلی منور لعل واراکین کمیٹی اور ہندو برادری سے تعلق رکھنے والے افراد اور بہنوں کی بڑی تعداد موجود تھی ۔ہندو برادری سے تعلق رکھنے والے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر نصرت نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین تمام مذاہب ومکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے مظلوم عوام کے بھائی ہیں اور ایم کیوایم وہ واحد سیاسی جماعت ہے جس میں تمام مذاہب ،مکاتب فکر ،زبان ومذہب اور قومیتوں سے تعلق رکھنے والے عوام شامل ہیں ۔قبل ازیں ہندو برادری سے تعلق رکھنے والی خواتین نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازیء عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعا بھی کی ۔

## ڈاکٹر غلام رسول کو اغواء اور بے گناہ شہریوں کو گرفتار کرنے کا فوری نوٹس لیا جائے، یوسف شاہوانی

کراچی:۔۔۔5،اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف شاہوانی نے کوئٹہ میں سرچ آپریشن کے دوران بے گناہ شریوں کی گرفتاری پر سخت تشویش کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ گرفتار کئے گئے بے گناہ شہریوں کو فی الفور رہا کیا جائے۔ رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف شاہوانی نے کہا کہ گزشتہ دنوں ڈاکٹر غلام رسول کو اغواء کے بعد بلوچستان کی پیرا میڈیکل اسٹاف سراپا احتجاج ہے اور انہوں نے تمام سرکاری اور غیر سرکاری او پی ڈی کا علامتی بائیکاٹ کر رکھا ہے جس کی وجہ سے اسپتال میں آنے والے مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان پہلے امن وامان کی صورتحال انتہائی خراب ہے اور اس کی قسم کی کاروائیوں سے بلوچستان کی عوام میں مزید اشتعال پھیلے گا۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ کوئٹہ میں سرچ آپریشن میں بے گناہ شہریوں کو گرفتار کرنے کا فوری نوٹس لیا جائے اور عوام کی جان ومال کی حفاظت کے لئے ٹھوس ومثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## ایم کیو ایم لیبر ڈویژن نے سوئی سدرن گیس کمپنی یونٹ کی نو منتخب یونٹ کمیٹی کا اعلان

## لیبر ڈویژن، ایم کیو ایم کا ہراول دستہ ہے، کاظم رضا، تنظیم نو کے اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔5 اگست 2012ء

ایم کیو ایم لیبر ڈویژن نے سوئی سدرن گیس کمپنی یونٹ کی نو منتخب یونٹ کمیٹی کا اعلان کر دیا ہے۔ یہ اعلان ایم کیو ایم لیبر ڈویژن کے انچارج کاظم رضا نے ایم کیو ایم لیبر ڈویژن کے تحت سوئی سدرن گیس کمپنی یونٹمیں تنظیم نو کے حوالے سے منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس سے ایم کیو ایم لیبر ڈویژن کے جوائنٹ انچارجز اسد علی کاظمی اور ارشد انصاری نے بھی اظہار خیال جبکہ اس موقع پر لیبر ڈویژن کے اراکین کامران احمد عثمان، عبدالحفیظ انصاری، سوئی سدرن گیس کمپنی یونٹ کے کارکنان، ہمدرد اور ادارے کے ملازمین کی بڑی تعداد موجود تھی۔ اجلاس سے کاظم رضا نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ لیبر ڈویژن، ایم کیو ایم کا ہراول دستہ ہے اور اس سے وابستہ تحریکی کارکنان کی اپنے مشن، مقصد اور نظریئے سے محنت، لگن اور جدوجہد کسی تعریف کی محتاج نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ 63 برس سے ظالمانہ، وڈیرانہ اور جاگیردارانہ نظام نے پاکستان کے غریب عوام کو بدترین ظلم کی چکی میں پیس رکھا ہے اور صرف جناب الطاف حسین کی شخصیت ہے جنھوں نے اس ظلم کے خلاف آوازِ حق بلند کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے مظلوم و محکوم 98% عوام اپنی آنے والی نسلوں کے روشن اور محفوظ مستقبل کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب دیکھ رہے ہیں۔ جنرل ورکرز اجلاس سے گفتگو کرتے ہوئے لیبر ڈویژن کے جوائنٹ انچارجز اسد کاظمی اور ارشد انصاری نے کہا کہ ایم کیو ایم واحد جماعت ہے جس نے غریب و مڈل کلاس طبقے سے جنم لیا یہی وجہ ہے کہ قائد تحریک نے ملک کے غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے عوام کو ایک پلیٹ فارم پر متحد ومنظّم کیا تا کہ وہ اپنے غصب شدہ حقوق کے حصول کیلئے مشترکہ جدوجہد کریں۔

## ایم کیو ایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی یونٹ عمر بلوچ گوٹھ کے کارکن محمد گلو جاموٹ کے قتل کا نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی:۔۔۔5،اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیو ایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی یونٹ عمر بلوچ گوٹھ کے کارکن محمد گلو جاموٹ کی شہادت کے واقعہ کی مذمت کی ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی یونٹ عمر بلوچ گوٹھ کے کارکن محمد گلو جاموٹ شہید کے اہلخانہ سے دلی تعزیت ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کی مغفرت اور سوگواران کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔ رابطہ کمیٹی نے وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ اور گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد سے مطالبہ کیا کہ دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیو ایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی یونٹ عمر بلوچ گوٹھ کے کارکن محمد گلو جاموٹ کے قتل کا نوٹس لیا جائے اور واقعہ میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کرکے انہیں قرار واقعی سزا دی جائے۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم سانگھڑ زون یونٹ شاہ سکندر آباد کمال الدین شیر کے بھائی حاجی صیفل، اورنگی سیکٹر یونٹ 176 کے کارکن ابرار احمد کے بھائی اسرار احمد اور ایم کیو ایم لاڑکانہ زون یونٹ سٹی رتوڈیرو کے جوائنٹ انچارج ندیم سہاگ کے والد الہ یار سہاگ کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی یونٹ عمر بلوچ گوٹھ کے کارکن محمد گلو جاموٹ کی شہادت پر جناب الطاف حسین کا اظہارِ افسوس

لندن:۔۔۔5،اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی یونٹ عمر بلوچ گوٹھ کے کارکن محمد گلو جاموٹ کی شہادت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## گلگت میں مسافر وین پر ریموٹ کنٹرول بم سے حملہ کرنے والے دہشت گرد عناصر انسانیت کے دشمن ہیں،رابطہ کمیٹی

## گلگت میں میناور کے نزدیک مسافر وین پر دہشتگردوں کی جانب سے ریموٹ کنٹرول بم سے حملے کا واقعہ پر رابطہ کمیٹی کا اظہارِ مذمت

کراچی ۔۔۔5اگست،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ رابطہ کمیٹی کے ارکان نے گلگت میں میناور کے نزدیک مسافر وین پر دہشتگردوں کی جانب سے ریموٹ کنٹرول بم سے حملے اور اسکے نتیجے میں ایک شخص کے جاں بحق جبکہ متعدد افراد کے زخمی ہونے کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اسے انتہائی افسوسناک واقعہ قرار دیا ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ گلگت میں مسافر وین پر ریموٹ کنٹرول بم سے حملہ کرنے والے دہشت گرد عناصر انسانیت کے دشمن ہیں جو رمضان المبارک کے ماہ مقدس مہینے میں بھی اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کیلئے معصوم اور بے گناہ افراد پر انسانیت سوز مظالم ڈھانے پر کے درپے ہیں جسکی جتنی مذمت کی جائے کم ۔انہوں نے واقعہ میں ہلاک ہونیوالے افراد کے اہلخانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے ان کی مغفرت اور زخمیوں کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے دعا بھی کی ۔رابطہ کمیٹی نے گلگت کی حکومت اور انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ گلگت میں میناور کے نزدیک مسافر وین پر دہشتگردوں کی جانب سے ریموٹ کنٹرول بم کا نوٹس لیا جائے اور اس واقعہ میں ملوث دہشتگردوں کو فی الفور گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے

## ایم کیوایم کے زیر اہتمام کل جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں افطار ڈنر کا اہتمام کیا جائے گا

## افطار ڈنر میں سیاسی ومذہبی جماعتوں کے رہنماؤں،مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات بڑی تعداد میں شرکت کرینگی

کراچی:۔۔۔5،اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام کل 6اگست 2012ء 17رمضان المبارک کو عزیز آباد کے تاریخی جناح گراؤنڈ میں ایک بڑے افطار ڈنر کا اہتمام کیا جائے گا جس میں مختلف سیاسی ومذہبی جماعتوں کے رہنماؤں،علمائے کرام،ماہر تعلیم،دانشور،شعراء کرام،بزنس کمیونٹی،پرنٹ والیکٹرونک میڈیا سے وابستہ افراد،فلاحی وسماجی شخصیات،این جی اوز،مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات سمیت حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء،سینیٹرز،اراکین قومی وصوبائی اسمبلی،نائن زیرو شعبہ جات کے اراکین بڑی تعداد میں شرکت کرینگے۔

## ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کا نائن زیرو ایڈمن کمیٹی کے رکن یاور جمیل کے بہنوئی فصاحت علی خان کی علالت پر اظہارِ تشویش

## عوام وکارکنان فصاحت علی خان کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں،جناب الطاف حسین کی اپیل

لندن:۔۔۔5،اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے نائن زیرو ایڈمن کمیٹی کے رکن یاور جمیل کے بہنوئی فصاحت علی خان کی علالت پر تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں،بہنوں،بزرگوں،نوجوانوں اور کارکنان سے اپیل کی ہے کہ فصاحت علی خان کی صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔

## سوات کے علاقے دیر میں مسافر وین کے گہری کھائی میں گرنے اوراس کے نتیجے میں
## متعدد افراد کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تشویش
## افسوسناک واقعہ میں جاں بحق ہونیوالے افراد کے اہلخانہ سے دلی تعزیت اور زخمیوں کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے دعا

کراچی:۔۔۔5،اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سوات کے علاقے دیر میں مسافر وین کے گہری کھائی میں گرنے اوراس کے نتیجے میں متعدد افراد کے جاں بحق اور زخمی ہونے کے واقعہ پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مسافر وین کے کھائی میں گرنے کے افسوسناک واقعہ میں جاں بحق ہونیوالے افراد کے اہلخانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے ان کی مغفرت اور زخمیوں کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے دعا بھی کی ہے۔

## الطاف حسین کا پیغام سلامتی وقومی یکجہتی پاکستان کے لیے ایک نعمت سے کم نہیں۔وفد ایم کیوایم گوجرانوالہ زون

گوجرانوالہ۔۔۔۔5اگست 2012ء

ایم کیوایم گوجرانوالہ زون کے وفد نے سینئر ڈپٹی سیکریڑی جنرل اہلحدیث پنجاب،سر پرست اعلیٰ ملک برادری قلعہ دیدار سنگھ حافظ عبدالرزاق سے ملاقات کی جس میں زونل جوائنٹ انچارج عدنان حمید، زونل سیکریڑی نشر واشاعت رانا ساجد، زونل سیکریڑی فنانس رانا افتخار احمد اور ممبر ضلعی کمیٹی رانا عبدالرحمٰن موجود تھے،اس موقع پر انہوں نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ جناب الطاف حسین کا پیغام سلامتی وقومی یکجہتی پاکستان کے لیے ایک نعمت سے کم نہیں کیونکہ ملک کے حالات بہت ابتر ہو چکے ہیں اوراس موقع پر سلامتی وقومی یکجہتی کی اشد ضرورت ہے اگر اس نازک موقعہ پر بھی ہم نے مل کر ملک کے لیے نہ سوچا تو آنے والے وقت میں اس کے نتائج بہت بھیانک ہوں گے اور خاکم بدہن اگر پاکستان کو کچھ ہوا تو اس کی ذمہ دار وہ تمام سیاسی ومذہبی جماعتیں ہوں گی جو اس نازک وقت میں بھی اپنی سیاست چمکانے میں لگی ہوئی ہیں اور قوم ان کو کبھی بھی معاف نہیں کرے گی انہوں نے مزید کہا کہ الطاف حسین نے جونشاندہی کی ہے وہ ان کی سیاسی بصیرت کا نتیجہ ہے اور جو کچھ جناب الطاف حسین نے کہا وہ سوفیصد درست ہے چاہے اسے کوئی مانے یا نہ مانے اور آنے والے وقت یہ درست ثابت ہو جائے گا۔انہوں نے مزید کہا کہ اگر بلوچوں کی جائز باتیں اور مطالبات سنے اور مانے نہ گئے تو ملک کو ناقابل تلافی نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے جسکے ذمہ دار وہ مفاد پرست لوگ ہونگے جو نازک وقت میں بھی اپنی سیاست چمکانے میں لگے ہوئے ہیں۔

## قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ کی بدولت آج پھر شاہ لطیف کی دھرتی امن کا گہوارہ بنی ہوئی ہے
## حق پرست رکن قومی اسمبلی صلاح الدین کی ایم کیوایم ٹنڈو محمد خان سیکٹر کے افطار ڈنر میں معززین ٹنڈو محمد خان سے گفتگو

حیدرآباد۔۔۔05اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون سیکٹر ٹنڈو محمد خان کے زیر اہتمام ٹنڈو محمد خان میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے ڈاکٹرز، پروفیسرز دانشور، وکلاء،، تاجر برادریوں کے عہدیداران صحافی حضرات سمیت مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے معززین ٹنڈو محمد خان کے اعزاز میں افطار ڈنر کا انعقاد کیا گیا۔جسمیں ایم کیوایم حیدرآباد زونل کمیٹی رکن راشد ممتاز، حق پرست رکن قومی اسمبلی صلاح الدین اور سیکٹر ٹنڈو محمد خان کے ذمہ داران وکارکنان سمیت معززین ٹنڈو محمد خان نے بڑی تعداد میں شرکت کی تقریب میں حق پرست رکن قومی اسمبلی صلاح الدین نے معززین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سندھ میں سازشی عناصروں نے اپنی سازشوں کے ذریعے نفرت کی جو دیوار کھڑی کی تھیں انہیں قائد تحریک نے اپنی سیاسی بصیرت سے نہ صرف ڈھا دیا بلکہ قائد تحریک کے فکر وفلسفہ کی بدولت آج پھر شاہ لطیف کی دھرتی امن کا گہوارہ بنی ہوئی ہے انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم نے ملک اور بالخصوص صوبہ سندھ کی ترقی وخوشحالی کیلئے ہر ممکن کردار ادا کیا اور آج بھی قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ملک کے تمام سیاسی اکابرین سے یہی کہا ہے کہ وہ ملک کو درپیش حالات اور بین الاقوامی صورتحال کے پیش نظر اپنے اختلافات کو فراموش کرکے ملک کو ان حالات سے نکالنے کیلئے مل جل کر کام کریں۔

## قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات پر عمل کر کے ہی ہم ملک کو تعمیر و ترقی کی راہ پر گامزن کر سکتے ہیں
## متحدہ قومی موومنٹ کا ملک سلامتی کیلئے کردار قابل ستائش ہے، زونل انچارج محمد شریف

حیدرآباد۔۔۔05اگست2012ء

پاکستان کی بقاء وسلامتی کولاحق اندرونی وبیرونی خطرات کے پیش نظر تمام محبّ وطن افراد قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ پر عمل پیرا ہو اور پاکستان کی بقاء وسلامتی کو محفوظ بنائے۔ان خیالات کا اظہار متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف واراکین زونل کمیٹی نے اپنے مشترکہ بیان میں کیا۔انہوں نے مزید کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین سیاسی بصیرت کی بدولت آج پاکستان کی تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کے رہنماؤں اورعوام کوقبل از وقت ملک کودرپیش خطرات کی آ گاہی فراہم کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات پر عمل کر کے ہی ملک کوتعمیر وترقی کی راہ پر گامزن کیا جا سکتا ہے اور ملک کو دنیا میں اعلی مقام دلوایا جا سکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کی بقاء وسلامتی کیلئے تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کے رہنماؤں اورتمام مکتب فکر کے عوام کے اتحاد کیلئے کوشاں ہیں اور ہمارا مثبت طرز عمل اور اتحاد واتفاق ہی موجودہ صورتحال میں ملک دشمن عناصر سازشوں کو ناکام بنا سکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کا ملکی سلامتی کیلئے کردار قابل ستائش ہے۔

## آزاد کشمیر کے تمام پبلک ٹرانسپورٹ مالکان اور ڈرائیورز کواس بات کا پابند بنایا جائے کہ عید سے قبل اور عید کے فوری بعد اپنے مقررہ روٹ اور اوقات پر گاڑیوں کی موجودگی کو یقینی بنائیں،آزاد کشمیر میں حق پرست وزیر ٹرانسپورٹ کی متعلقہ اداروں کو ہدایات

مظفرآباد۔۔۔۔۔۔5اگست2012ء

متحدہ قومی موومنٹ سینٹرل ایگزیکٹو کونسل کے رکن وحق پرست وزیر ٹرانسپورٹ آزاد کشمیر طاہر کھوکھر نے آزاد کشمیر ٹرانسپورٹ اتھارٹی،ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹیز،تمام اضلاع کی ضلعی انتظامیہ اور پولیس کوسختی سے ہدایت کی ہے کہ عید کی آمد کے پیش نظر پبلک ٹرانسپورٹ کے کرایوں کی سختی سے چیکنگ کی جائے اور آزاد کشمیر کے تمام پبلک ٹرانسپورٹ مالکان اور ڈرائیورز کواس بات کا پابند بنایا جائے کہ عید سے قبل اور عید کے فوری بعد اپنے مقررہ روٹ اور اوقات پر گاڑیوں کی موجودگی کو یقینی بنائیں۔عید کے دوران کسی جگہ سے اگر ڈبل کرایہ وصول کرنے یا مقررہ وقت اور مقررہ روٹ پر گاڑی نہ چلنے کی شکایت موصول ہوئی تو متعلقہ ٹرانسپورٹروں اور بکنگ ایجنٹ کے خلاف کاروائی کی جائے اور ان کے لائسنسز منسوخ اور گاڑیاں ضبط کر لی جائیں۔وزارت ٹرانسپورٹ سے جاری ہونے والے سرکلر کے مطابق عید کے دوران ہر ضلع کی انتظامیہ اور پولیس اپنی اپنی حدود میں بلکہ ٹرانسپورٹ گاڑیوں کے کرایوں کی سختی سے چیکنگ کرے اور ماضی کی طرح ڈبل کرایہ لینے اور مقررہ وقت پر گاڑیاں نہ چلانے والوں کے خلاف سختی سے کاروائی کی جائے۔وزارت ٹرانسپورٹ کے ترجمان کے مطابق وزیر ٹرانسپورٹ عید کے دوران تمام اضلاع کے مختلف روٹس پر خود چھاپے مار کر پبلک ٹرانسپورٹ کرایے چیک کریں گے۔

## موروثی سیاستدانوں نے 65 برسوں سے غریب ومظلوم عوام کو یرغمال بنا رکھا ہے، ملک وسیم کھوکھر
## ایم کیوایم اپنے قائد جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفے کے مطابق اس ملک میں انقلاب برپا کرے گی، ارشاد الحق چوہدری
## رائے ونڈ میں یونٹ آفسز کے افتتاح کے موقع پر منعقدہ تقریب سے اظہار خیال

لاہور۔۔۔5اگست2012

متحدہ قومی موومنٹ اقبال ٹاؤن کے زیر اہتمام رائے ونڈ شہر میں یونٹ آفسز کے افتتاح کی منعقدہ تقریب سے لاہور زونل انچارج ملک وسیم کھوکھر نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک میں دو فیصد مراعات یافتہ طبقے کے ظلم وستم کے شکار 98 فیصد غریب اور مظلوم عوام کو انکے غصب شدہ حقوق دلا کر ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ چاہتے ہیں کیونکہ موروثی سیاستدانوں نے 65 برسوں سے غریب ومظلوم عوام کو یرغمال بنا رکھا ہے۔تقریب میں لاہور زون کے انچارج ملک وسیم کھوکھر، اراکین زونل کمیٹی سلیمان ریاض،خرم شہزاد رانا، ڈسٹرکٹ انچارج لاہور ارشاد الحق چوہدری، جوائنٹ انچارج ملک افضل اعوان، اراکین کمیٹی ارتضیٰ حسین کاظمی، واحد گجر سمیت ٹاؤن و یونٹ کے ذمہ داران نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر ارشاد الحق چوہدری نے کہا کہ جناب الطاف حسین نے غریب اور پڑھے لکھے لوگوں کو ایوانوں میں بھیج کر یہ تصور عملی طور پر ختم کر کے دکھایا کہ الیکشن میں حصہ لینا صرف امیر، جاگیرداروں اور وڈیروں کا حق ہی نہیں اور یہی وجہ ہے کہ ملک کے تمام مظلوم عوام ایم کیوایم میں جوق در جوق شامل ہو رہے ہیں اور انشاءاللہ جلد ہی ایم کیوایم اپنے قائد جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفے کے مطابق اس ملک میں انقلاب برپا کرے گی۔اس موقع پر یونٹ آفس میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے کارکنان کے لئے افطار پارٹی کا بھی اہتمام کیا گیا۔

## 12 اگست عالمی یوم نوجوانان،مظفرآباد میں انٹرنیشنل یوتھ سیمینار منعقد کیا جائے گا۔
## مختلف شعبہ ہائے زندگی میں جن نوجوانوں نے اپنا کامیاب کردار ادا کیا انہیں ایوارڈز سے نوزا جائے گا۔
## نوجوانوں کے مسائل کو اجاگر کیا جائے گا،وزارت اور نوجوانان کے درمیان شراکت داری قائم کی جائے گی۔
## کشمیر کے باصلاحیت نوجوان عالمی سیمینار میں بھرپور شرکت کریں۔سلیم بٹ کی اپیل

مظفرآباد:۔۔۔اتوار،5اگست 2012ء

وزارت امورنوجوانان کے زیر اہتمام،12 اگست عالمی یومِ نوجونان،مظفرآباد میں انٹرنیشنل یوتھ سیمینار منعقد کیا جائے گا۔آزاد کشمیر بھر کے باصلاحیت نوجونوں کو اس تقریب میں مدعو کیا جائے گا۔کشمیر کی تعمیر وترقی میں نوجونوں کی شراکت داری کو عملی جامعہ پہنانے کیلئے نوجوانوں کو متحد کر کے ریاست اور دنیا کیلئے عظیم سرمائے کے طور پر تیار کرنا ہے۔عالمی یوم نوجوانان کے انعقاد کا مقصد کشمیر کے باصلاحیت نوجوانوں کو دنیا بھر کے نوجوانان کے مقابلے میں قومی دھارے میں شامل کرتے ہوئے ایسی روایات کو پروان چڑھانا ہے کہ جہاں نوجوانوں کی آراء وتجاویز کو نہ صرف اہمیت دی جائے بلکہ نوجوان کو ایسا پلیٹ فارم مہیا کیا جاسکے جہاں وہ عملی طور پر آزادانہ ریاستی تعمیر وترقی میں اپنا بھرپور حصہ ڈال سکیں۔آزاد کشمیر کی تاریخ کے پہلے عالمی یوتھ سیمینار میں پاکستان اور دنیا بھر کے ماہرین اپنے تجربات اور نوجوانوں کو قومی دھارے میں اپنی صلاحیتوں سے استفادہ حاصل کرنے کے حوالے آگاہ کریں گے۔ مختلف شعبہ ہائے زندگی میں جن باصلاحیت نوجوانوں نے اپنا کامیاب کردار ادا کیا انہیں ایوارڈز سے نوزا جائے گا۔اور عالمی سطح پر سراہا جائے گا۔نوجوانوں کو اپنے مسائل پر بولنے اور سوال کرنے کا موقع فراہم کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار آزاد کشمیر کے حق پرست وزیر کھیل،ثقافت وامور نوجوانان محمد سلیم بٹ نے اتوار کے روز کشمیر یوتھ بورڈ کے اجلاس کے بعد صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ حکومت اور نوجوانوں کے درمیان باہمی ربط وتعاون کے فروغ،اور باہمی شرکت داری کے اصول وضع کیا جائے گا۔سماجی توازن،عالمی امن اور دورحاضر کے مطابق نئی سماجی اقدار کا فروغ،کشمیر یوتھ پالیسی اور کشمیر یوتھ پارلیمنٹ کی ترجیحات کا تعین کرنا۔تعلیم،صحت،روزگار،سیاسی استحکام،جمہوریت،علم وفن،انسانی حقوق،معیشت ومعاشرت سمیت تمام شعبہ ہائے زندگی میں نوجوانوں،حکومت،سول سوسائٹی،میڈیا اور فلاحی اداروں اجتمائی مفادات کے حصول کیلئے شرکت داری قائم کرنا۔نوجونوں کو مشترکہ مسائل کے حل کیلئے اجتمائی کاوشوں کا آغاز کرنا۔ وزارت امور نوجوانان کا ہدف ومقصد ہے۔انٹرنیشنل یوتھ ڈے منانے کا ہمارا مقصد ریاست کی تعمیر وترقی میں نوجوانوں کے کردار کو اجاگر کرتے ہوئے قومی نوعیت کے معاملات میں نوجوانوں کی شراکت داری اور عمل داری کے تصور کو فروغ دینا ہے۔اور اتفاق رائے سے ایسی حکمت عملی وضع کرنی ہے کہ کس طرح وزرات امور نوجونان،نوجوانوں کی فلاح کیلئے کام کرنے والے ادارے نوجوانوں کی شراکت داری کس طرح یقینی بنائیں؟ انہوں نے کشمیر بھر کے باشعور اور باصلاحیت نوجوانوں سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ وہ نوجوانوں کے مسائل اجاگر کرنے کیلئے اس عالمی سیمینار میں بھرپور شرکت کریں۔اگر کوئی جوان مرد وزن ملکی تقدیر بدلنے کیلئے،فیصلہ سازی کے عمل میں شریک ہونے کیلئے اور کشمیر کی تعمیر وترقی،فلاح وبہبود کیلئے اپنا کردار ادا کرنا چاہتا ہے۔تو اہم اسے موقع فراہم کررہے ہیں کہ وہ آئے،آگے بڑھے،ہماری مکمل حمایت،سرپرستی اور تعاون ہمیشہ باصلاحیت نوجوانوں کے ساتھ ہے۔ہم نے آج ریاست کے نوجوانوں کی طرف دوستی کا ہاتھ بڑھا دیا ہے۔

## متحدہ قومی موومنٹ ملک میں رائج فرسودہ سیاسی نظام کو یکسر تبدیل کر کے ایسا نظام نافذ کرنا چاہتی ہے جس کے ذریعے عوام کے تمام تر مسائل کا حل ممکن ہو سکے اور انکا معیار زندگی بھی بہتر بنایا جاسکے،سید محمد علی شاہ

ٹنڈوالہ یار:05اگست 2012

متحدہ قومی موومنٹ ٹنڈوالہ یار کے زونل انچارج سید محمد علی شاہ نے یونین کونسل 01 کے ذمہ داران وکارکنان کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم ملک میں رائج فرسودہ سیاسی نظام کو یکسر تبدیل کر کے ایک ایسا نظام لانا چاہتی ہے کہ جہاں عوام کے تمام تر مسائل کا حل ممکن ہو سکے اور انکا معیار زندگی بھی بہتر بنایا جاسکے۔انہوں نے مزید کہا کہ ایم کیو ایم ملک میں بسنے والی تمام قومیتوں کے درمیان محبت،امن اور بھائی چارے کے فروغ کے لئے کوشاں ہے،یہی وجہ ہے کہ ملک کے باشعور افراد قائد تحریک الطاف حسین کے فکر وفلسفے سے متاثر ہو کر ایم کیو ایم کے پرچم تلے متحد ہو رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے ملک میں رائج فرسودہ سیاسی روایات کے برخلاف غریب اور متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے پڑھے لکھے اور باصلاحیت افراد کو اسمبلیوں میں بھیج کر انقلاب کی بنیاد رکھ چکی ہے اب یہ ناگزید ہو چکا ہے کہ پاکستان کو مسائل کی دلدل سے نکالنے اور مثبت ودیرپا تبدیلی لانے کے لئے قائد تحریک الطاف حسین کے وژن کو نشان راہ بنایا جائے۔

☆☆☆☆☆